Follow up on the Video Conference of SAARC Leaders on COVID-19

March 23, 2020

کووڈ 19 پر سارک رہنماؤں کی ویڈیو کانفرنس پر فالو اپ

23 مارچ، 2020

1۔ وزیر اعظم کے پہل پر، کووڈ 19 سے لڑنے کے لئے سارک ممالک رہنماؤں کی ویڈیو کانفرنس 15 مارچ 2020 کو منعقد ہوئی۔ کانفرنس نے سارک خطے کے ممالک کے آپس میں مل کر کووڈ 19 وبائی مرض کے غیر معمولی چیلنج سے مقابلہ کرنے کے مشترکہ عزم کا مظاہرہ پیش کیا۔

2۔ سارے سارک ممالک میں کووڈ -19 کے مریضوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے، اور اس چیلنج سے نمٹنے اور اس کے اثرات کو کم کرنے کے لئے سب کو مکمل یکجہتی کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت کو تقویت ملی ہے۔

3۔ وزیر اعظم کے اعلان کے مطابق، ہندوستان نے فوری اقدامات کے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے ایک ملین ڈالر کی ابتدائی پیش کش کے ساتھ ایک کووڈ 19 ایمرجنسی فنڈ تشکیل دیا ہے۔ اس فنڈ کو عملی جامہ پہنایا گیا ہے اور اس فنڈ کے ذریعہ خطے کے انفرادی ممالک میں فوری طور پر طبی سامان اور آلات کی ضروریات پوری کی جارہی ہیں۔ یہ حوصلہ افزا ہے کہ باہمی تعاون کے جذبے کے تحت، سری لنکا (5 ملین امریکی ڈالر)، بنگلہ دیش (1.5 ملین امریکی ڈالر)، نیپال (1 ملین امریکی ڈالر)، افغانستان (1 ملین امریکی ڈالر)، مالدیپ (200000امریکی ڈالر)، اور بھوٹان (100000 امریکی ڈالر) نے بھی شراکت کا وعدہ کیا ہے۔ مجموعی طور پر کووڈ 19 ایمرجنسی فنڈ میں کل رقم 18.3 ملین امریکی ڈالر ہے۔ یہ عمل شریک ممالک کے آپس میں مل کر کام کرنے کے عزم کے گہرے مشترکہ احساس کو صحیح معنوں میں ظاہر کرتا ہے۔

4۔ سارک ڈیزاسٹر مینجمنٹ سینٹر(SDMC-IU) ، گاندھی نگر نے سارک ممالک کے مشترکہ استعمال کے لئے کووڈ 19 کے لئے ایک ویب سائٹ (http://www.covid19-sdmc.org/) قائم کی ہے۔ اس ویب سائٹ کا مقصد، تمام ممبر ممالک کی فعال شرکت کے ساتھ، خطے میں کووڈ 19 سے متعلق ابھرتی ہوئی صورتحال کے بارے میں قابل اعتماد معلومات اور اپڈیٹس، اور ممبر ممالک میں قابل عمل بہترین طریقوں کی ترویج ہے۔

5۔ سارک ممالک کے صحت کے سینئر پیشہ ور افراد کی ویڈیو کانفرنس بھی 26 مارچ 2020 کو منعقد کی جائے گی تاکہ اس طرح اب تک کووڈ 19 کے پھیلاؤ سے نمٹنے کے تجربات کا تبادلہ کیا جاسکے، جس میں انٹری پوائنٹس پر اسکریننگ سے متعلق مخصوص پروٹوکول، رابطے میں آئے ہوئے لوگوں کا پتہ لگانا، قرنطینہ اور آئسولیشن کی سہولیات وغیرہ شامل ہیں۔ کانفرنس میں ہونے

والی بات چیت میں ہنگامی رسپانس ٹیموں کے لئے آن لائن ٹریننگ کیپسول پر عملی مشترکہ کارروائی، ایک مربوط مرض سرویلنس پورٹل کا قیام، مشترکہ ریسرچ پلیٹ فارم کی تشکیل اور جنوبی ایشیائی خطے میں وبائی امراض پر قابو پانے کے لئے تحقیق میں ہم آہنگی لانے کی تجویز بھی پیش کی گئی ہے۔

6۔ یہ ہندوستان کا ماننا ہے کہ اس مشکل وقت میں وسائل، مہارت، بہترین طریقہ کار اور صلاحیتوں کا اشتراک سارک خطے کے ممالک کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں بہت مددگار ثابت ہو گا۔

نئی دہلی

23 مارچ، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.